حوالہ نمبر: 7974/40:	فتویٰ نمبر:	سائل: صابر حسین	مجیب: محمد نعمان خالد
مفتی: آفتاب احمد	مفتی: سید عابد شاہ	مفتی:	مفتی:
کتاب: جائز اور ناجائز امور کے احکام	باب: جائز اور ناجائز امور کے متفرق احکام		تاریخ: 1-1-2019

ترکی ڈرامہ "ارطغرل" دیکھنے کا حکم

آج کل ایک ڈرامہ "ارطغرل" بہت گردش کر رہا ہے، سننے میں آیا ہے کہ مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب حفظہ اللہ نے اس کے متعلق جواز کا فتویٰ دیا ہے، برائے مہربانی اس کے دیکھنے، سننے، دوسروں کو دکھانے اور آگے فروخت کرنے کے حکم کی وضاحت فرمادیں۔

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

واضح رہے کہ ڈیجیٹل تصویر کے بارے میں معاصر علمائے کرام کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے، بعض حضرات جواز اور بعض عدم جواز کے قائل ہیں، ہمارے نزدیک ضرورت کے پیش نظر ڈیجیٹل تصویر بنانے

0221-1111-68384
ask@almuftionline.com
www.almuftionline.com
Phase 1, Sector 4, Ahsanabad, Karachi, Pakistan

المفتی آن لائن
ALMUFTI ONLINE

Scanned by CamScanner

اور دیکھنے کی گنجائش ہے۔ لہذا ہماری رائے کے مطابق "ارطغرل" نامی ڈرامہ دیکھنے اور آگے فروخت کرنے کی گنجائش ہے۔ کیونکہ اس ڈرامہ میں خلافت عثمانیہ کی تاریخ اور تہذیب دکھائی گئی ہے اور اس کے دیکھنے سے مسلمان نوجوانوں کو اسلامی تاریخ اور تہذیب وثقافت جاننے کا موقع ملتا ہے، جو کہ عصر حاضر کی ایک اہم ضرورت ہے۔ البتہ چونکہ اس ڈرامہ میں بعض خواتین کا کردار بھی دکھایا گیا ہے، اس لیے ان خواتین کو دیکھنے سے پرہیز کرنا ضروری ہے اور اگر کسی شخص کے لیے عورتوں پر نظر ڈالنے سے بچنا مشکل ہو تو اس کے لیے یہ ڈرامہ دیکھنا جائز نہیں، کیونکہ فقہ کا اصول ہے: "دفع مضرة يقدم على جلب منفعة" یعنی کسی نقصان کو دفع کرنا کسی منفعت کے حصول پر مقدم ہے۔ لہذا اگر ڈرامہ دیکھنے کی صورت میں بد نظری کا اندیشہ ہو تو پھر گناہ سے بچنا واجب ہوگا اور ایسی صورت میں یہ ڈرامہ دیکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

القرآن الكريم [النور:30]:

{قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ}

المحيط البرهاني في الفقه النعماني (338/5):

كل من كان من الرجال لا يحل لها أن تبدي موضع الزينة الباطنة بين يديه، ولا يحل له أن ينظر إليها إلا أن يكون صغيراً، فحينئذ لا بأس بذلك.

واللہ سبحانہ وتعالی أعلم

محمد نعمان خالد

دار الافتاء جامعۃ الرشید کراچی

25/ربیع الثانی 1440ھ

الجواب صحیح
آفتاب احمد
۲۵/۴/۱۴۴۰ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
۲۵/۴/۱۴۴۰ھ

Scanned by CamScanner